کہیں سردی کہیں گرمی کہیں بارش کہیں دھوپ

خدانے پاکستان پرخاص رحمت نازل کی ہےاور ہمارے محبوب وطن کو چار موسموں سے نوازا ہےاوراس میں ہر موسم کا اپنامزہ ہے۔موسم گرما پاکستان کالمباترین موسم ہے جس کا عرصہ تقریباسات ماہ تک ہوتا ہے۔دوسرا موسم،موسمِ سرماہے جس کا اپنا مزہ ہے پہاڑوں پر برف باری ہوتی ہے جوگرمیوں میں پگھل کر ہماری فصلوں کوسیراب کرتی ہے۔ اس کے بعد بہار کا موسم آتا ہے جوموسموں کی ملکہ ہے۔اوراس میں جوپھول کھلتے ہیں وہ قابلِ دید ہوتے ہیں ہر سال پاکستان کے مختلف شہروں میں بہار کے موسم میں پھولوں کی نمائش لگتی ہے۔اس کے بعد چوتھا موسم خزاں ہوتا ہے جس میں پُرانے پتے گر جاتے ہیں اور نئے پتے نکل آتے ہیں۔

چندسال قبل سے ہی ان تمام موسموں نے اپنے اوقات کار تبدیل کرلیے ہیں۔فروری کے آخر اور مارچ کے اوائل میں چندروز کی چمکتی دھوپ کے بعدایسے معلوم ہوتا تھاجیسے موسم گرما آن پہنچاہے اوراپریل کے اختتام پر دھوپ چبھنے لگتی تھی،لیکن گزشتہ مہینوں کی بارشوں نے موسم یکدم بدل دیااور سردی سے بچنے کے لئے کوٹ اور جرسیاں پہننا پڑے،ٹھنڈی ہوااور سرد جھونکھوں نے موسم کوخوشگوار بلکہ سرجھی دکردیا،موسم سرما کے ملبوسات جوکہ سنبھال لیے گئے تھےدوبارہ نکالنے پڑے،ان بےوقت کی بارشوں نے موسم کے اثرات اوراوقات ہی بدل دیئے ہیں۔ اب تو مارچ ختم ہونے والا ہےاوراس موسم میں بھی سردی محسوس ہورہی ہے۔ہمارے ہاں خاتونِ خانہ جنوری کامہینہ ختم ہوتے ہی موسمِ گرما کے ملبوسات کی تیاری میں مصروفِ عمل ہو جاتی ہیں۔بےشک اب موسم سرماایک دوماہ کامہمان ہوتا تھالیکن اب تو یہ موسم نے بھی اپنے اوقات بڑھالیے ہیں،موسم بہارفروری کے وسط میں شروع ہوتا ہےاور مارچ تک رہتا ہے،ادھر سردیاں اختتام کوپہنچیں تو موسم بہار نے جنم لیا،بچوں کے چہروں سے عیاں ہوگیا کہ دانت بجنے کا موسم رُخصت ہوگیا ہےاور گرم کپڑوں کی جگہ ہلکے پھلکے ملبوسات بچوں نے زیب تن کئے ہوئے ہیں۔موسم کے اعتبار سے ابھی تک موسم بہار ہی محسوس ہورہا ہےوگرنہ ماضی میں سورج کواتنی جلدی ہوتی تھی کہ فروری کے اختتام اور مارچ کے آغاز میں ہی آنکھیں دکھانے لگتا تھا۔رواں موسم کا یہ عالم ہے کہ ماہ مارچ ختم ہونے کو ہے اورموسم انتہائی خوشگوار ہے،سورج اور بادل آنکھ مچولی کھیل رہے ہیں کبھی سورج بادلوں کی اوٹ میں چھپ جاتا ہے تو کبھی آنکھیں دکھانے لگتا ہے،اس کے باوجودوہ تیز دھوپ چبھن والی گرمی محسوس نہیں ہوتی۔محکمہ موسمیات کے مطابق اپریل کے اختتام اورمئی کے آغاز تک گرمی میں تیزی آسکتی ہے۔

ہم خوش قسمت ہیں کہ چار موسموں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔موسم سرما،گرما،بہاراورخزاں،ہرموسم اپنی جگہ ہمارے لیے بہار رس لیکر آتا ہے۔خدا ہمیشہ ہمارے وطنِ عزیز کو آباد رکھے آمین۔